# سوال

فاتحہ سے قبل ثناء کا پڑھنا

# جواب

سوال : بسم اللہ الرحمن الرحیم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر نماز میں اس وقت شامل ہوں جب امام سورۃ الفاتحہ پڑھ چکا ہو تو کیا آدمی سورۃ فاتحہ سے پہلے جو اللہ کی حمد والی دعا ہے وہ بھی لازمی پڑھے یا صرف سورۃ فاتحہ پڑھ لے تو نماز ہو جائے گی پہلی رکعت میں۔

جواب : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے آغاز میں دعائے استفتاح سکھائی ہے۔ یہ ہر اس شخص کے لیے جو نماز کی پہلی رکعت کا آغاز کرے خواہ امام فاتحہ پڑھ چکا ہو یا نہ ہر شخص جو نماز کی پہلی رکعت کا آغاز کرے وہ یہ دعاء ضرور پڑھے۔